© rasailojaraid.com



خواجہ حسن نظامی

# چہرہ

## محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سب سے پہلا اور سب سے آخر، مشرق کا سورج مغرب کا ابر، عربی، ہاشمی، محمد، قدرت کا ظہور، فطرت الٰہ کا نور۔

پتھر اس کے بھوکے پیٹ پر بندھنے کو پیدا ہوئے، پیوند لگے کمبل، اس کا لباس بننے کو زمین پر نمودار ہوئے، مسکینی دستاری اس کے لئے وجود میں آئی، کہ اس کا سراپا کہلائے، غمخواری و غمگساری کو دنیا میں اس لئے جگہ ملی کہ محمدؐ اس کو برت کر دکھائے۔

میرا محمدؐ، مکہ میں پیدا ہونے والا محمدؐ مدینہ میں آخری عمر گزارنے والا محمدؐ غیریت مٹانے والا محمدؐ، اپنایت بتانے اور پھیلانے والا محمدؐ، میرا محمدؐ اور سب کا محمدؐ وہاں بھی محمدؐ اور پھر یہاں بھی محمدؐ (صلی اللہ علیہ وسلم)۔

جب وہ ہندوستان میں مجھ کو یاد آئے، جب میں اس زمین پر بے کس ہو جاؤں اور گھبرا کر اپنے محمدؐ کی محبت کو پکاروں، جب میں عربی سمندر کو بمبئی کے پاس کھڑا ہو کر حسرت سے دیکھوں، کہ یہ میرے محمدؐ کے ملک سے نامزد ہے۔ تو مجھے مطعون نہ کرنا، مجھ کو دیوانہ نہ سمجھنا، کہ میں ان دنوں اس کی یاد کے بغیر ہوش میں نہیں رہ سکتا۔

مجھ سے میرے محمد کا ذکر کیا کرو، کہ غربت کی بھوک پیاس میں یہ نام مجھ کو تسلی دیتا ہے۔ محمدؐ کی امت نوازیاں مجھ کو سنایا کرو، کہ آج مجھ پر کوئی نوازش و مہر کی نظر نہیں ڈالتا۔

ہندوستان کے آٹھ کروڑ مسلمانوں کو محمدؐ کے تصور تک جانے دو، کہ محمدؐ ان کے تصور کے قریب کھڑے ہوئے پکارتے ہیں۔ اور لبیک یا امتی لبیک یا امتی کی صدا لگاتے ہیں۔

محمدؐ ہم تم کو کبھی نہ بھولیں گے، محمدؐ ہم تمہیں یاد کر رہے ہیں محمدؐ ہم تمہارے نام کے سہارے زندہ رہنا چاہتے ہیں، اور تمہارے ہی نام کی ہم میں اب بھی زندگی ہے۔


مومنین اہل سنت و جماعت کیلئے ایک عظیم علمی تحفہ

**نماز پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم**

جس میں

- مسائل قرآن مجید، احادیث مبارکہ اور آثار صحابہؓ سے مدلل۔
- پیغمبر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی نماز کی واضح تصویر
- مستند ماخذ، علمی سرمایہ، عام فہم اندازِ بیان۔

دلکش ترتیب۔

- اردو خواں حضرات کیلئے مدنی تحفہ جس کی افادیت مسلمہ ہے۔
- امام ابو حنیفہؒ کی علمی عظمت، فلسفیانہ اندازِ استدلال اور سنت سے والہانہ وابستگی کی ایک جھلک۔

تالیف: الشیخ محمد الیاس فیصل مدینہ منورہ

تقدیم: الشیخ محمد شفیق اسعد

ہر اچھے بک سٹال سے یا براہ راست ہم سے طلب کریں

سُنی پبلی کیشنز
پوسٹ بکس نمبر ۶۶، لاہور

قیمت ۵۱/۰۰ روپے


© rasailojaraid.com